بانی تنظیم: ڈاکٹر اسرار احمدؒ　　امیر تنظیم: شجاع الدین شیخ

شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

21 جولائی 2024ء

# پریس ریلیز

**قرآن کتاب ہدایت ہے جو انفرادی اور اجتماعی زندگی میں اللہ کے دین کا نفاذ چاہتا ہے۔ (شجاع الدین شیخ)**

**گمراہی کا توڑ ہدایت سے ممکن ہے اور قرآن مجید اصل ہدایت ہے۔ (مولانا محمد یوسف خان)**

**قرآن کی تعلیمات کو سیکھنا اور پھیلانا ہر مسلمان کی ذمہ داری ہے۔ (ڈاکٹر عارف رشید)**

**قرآن آڈیٹوریم لاہور میں تقریب تکمیل درس قرآن سے شجاع الدین شیخ، مولانا محمد یوسف خان، ڈاکٹر عارف رشید، حافظ محمد رفیق، ڈاکٹر عبدالسمیع، مومن محمود ودیگر کا خطاب**

**لاہور (پ ر):** قرآن کتاب ہدایت ہے جو انفرادی اور اجتماعی زندگی میں اللہ کے دین کا نفاذ چاہتا ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے قرآن آڈیٹوریم لاہور میں مرکزی انجمن خدام القرآن کے صدر **ڈاکٹر عارف رشید** کے درس قرآن کی تکمیل کی تقریب میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ تنظیم اسلامی اور انجمن خدام القرآن کے زیر اہتمام قرآن کے دروس اور تعلیم کا جو بھی سلسلہ ڈاکٹر اسرار احمدؒ نے شروع کیا تھا اس کا مقصد یہ ہے کہ ہماری انفرادی اور اجتماعی زندگیاں قرآن کی تعلیمات کے مطابق ڈھل جائیں اور قرآن مجید جو نظام عدل اجتماعی واضح کرتا ہے اس کے قیام کے لیے بیعت کی بنیاد پر اجتماعیت قائم کر کے جدوجہد کی جائے کیونکہ قرآن انفرادی اور اجتماعی سطح پر اپنا نفاذ چاہتا ہے اور ڈاکٹر صاحب کی معنوی اور صُلبی اولاد اسی جدوجہد کو تین نسلوں سے جاری رکھے ہوئے ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے **مولانا محمد یوسف خان** (جامعہ اشرفیہ) نے کہا کہ آج معاشرے کا ہر فرد چاہے وہ عملی مسلمان ہو یا محض کلمہ گو مسلمان ہو وہ فکر مند ہے کہ اپنی نئی نسل کو گمراہی سے کیسے بچایا جائے۔ آج کی تقریب اس سوال کا جواب فراہم کرتی ہے۔ گمراہی کا توڑ صرف ہدایت سے ممکن ہے اور قرآن مجید اصل ہدایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ قرآن مجید تمام انسانوں کو ہدایت کا راستہ دکھاتا ہے لیکن دائمی کامیابی کی منزل صرف وہ پائے گا جس کے اندر تقویٰ ہوگا۔ قرآن پاک سے جُڑ کر ہم اپنی نسلوں کو گمراہی سے بچا سکتے ہیں۔ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا تھا کہ میں تمہارے لیے دو چیزیں چھوڑ کر جا رہا ہوں اور وہ کتاب اور سنت ہیں، اگر انہیں پکڑے رہو گے تو گمراہ نہیں ہوگے۔ ڈاکٹر اسرار احمدؒ کا گھرانہ قرآن وسنت کی تعلیمات کو لوگوں تک پہنچانے کی عظیم خدمت سرانجام دے رہا ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر انجمن خدام القرآن **ڈاکٹر عارف رشید** نے کہا کہ مارچ 2006ء میں محترم ڈاکٹر اسرار احمدؒ نے درس قرآن کی جو عظیم ذمہ داری مجھے سونپی تھی الحمدللہ آج جولائی 2024ء میں اللہ کی توفیق سے اپنی تکمیل کو پہنچی ہے اور یہ خاص اللہ کے فضل سے ممکن ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام لوگ میرے لیے دعا کریں کہ میں اس سلسلہ کو مزید جاری رکھ سکوں۔ اُنہوں نے کہا کہ اسلام کے ساتھ وابستگی آسان نہیں ہے۔ جو کہتا ہے کہ میں مسلمان ہوں اس پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی۔ قرآن کی تعلیمات کو سیکھنا اور پھیلانا ہر مسلمان کی ذمہ داری ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے **ڈاکٹر عبدالسمیع** نے ڈاکٹر اسرار احمدؒ کے ساتھ اپنی طویل رفاقت اور اوران کے ذریعے قرآن سے جڑنے کی پوری روداد سنائی اور کہا کہ مجھ سمیت میرے بے شمار ساتھیوں کے قرآن سے جڑنے کا ذریعہ ڈاکٹر اسرار احمدؒ بنے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے ڈاکٹر اسرار احمدؒ نے اپنی حیات میں ہی اپنی غیر موجودگی میں درس قرآن دینے کے لیے منتخب کیا تھا جو کہ میرے لیے اعزاز کی بات ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مومن محمود نے علم تفسیر کی فضیلت، اہمیت اور اس کی اقسام پر روشنی ڈالی جبکہ ڈاکٹر اسرار احمدؒ کے فرزند آصف حمید نے ڈاکٹر صاحبؒ کے دروس قرآن کی تاریخی لحاظ سے تفصیل بیان کی۔ **حافظ محمد رفیق** نے بھی ڈاکٹر اسرار احمدؒ کے ساتھ اپنی طویل رفاقت اور ان سے قرآن سیکھنے کی روداد سنائی اور کہا کہ مجھے ڈاکٹر صاحب کی موجودگی میں نماز تراویح پڑھانے کا شرف حاصل ہوا جو کہ میرے لیے اعزاز کی بات ہے۔ آخر میں اختتامی دعا کرتے ہوئے **مولانا محمد یوسف خان** نے کہا کہ اللہ تعالیٰ تنظیم اسلامی اور انجمن خدام القرآن کی تمام مساعی کو ڈاکٹر اسرار احمدؒ کے لیے صدقہ جاریہ بنائے اور ان کی معنوی اور صُلبی اولاد کو یہ سلسلہ جاری رکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

جاری کردہ
**خورشید انجم**
مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

# TANZEEM E ISLAMI

## PRESS RELEASE: 23 July 2024

**"Qur'an is the ultimate book of guidance which seeks to establish the Deen of Allah in both the individual and collective spheres of life." (Shujauddin Shaikh)**

**"The antidote of misguidance is only through guidance, and the Holy Qur'an is the only true guide." (Maulana Muhammad Yusuf Khan)**

**"It is incumbent upon every Muslim to learn and spread the teachings of the Holy Qur'an." (Dr. Arif Rasheed)**

**(Addresses of Shujauddin Shaikh, Maulana Muhammad Yusuf Khan, Dr. Arif Rasheed, Hafiz Muhammad Rafique, Dr. Abdus Sami, Momin Mehmood and others in the ceremony observing the completion of *Dars-e-Quran* in Qur'an Auditorium Lahore)**

**Lahore (PR):** Qur'an is the ultimate book of guidance which seeks to establish the Deen of Allah in both the individual and collective spheres of life. This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a ceremony observing the completion of *Dars-e-Qur'an* by the president of Markazi Anjuman Khuddam-ul-Qur'an, **Dr. Arif Rasheed**, in Quran Auditorium Lahore. He said that whatever series of Qur'anic lectures and education was started under the auspices of Tanzeem-e-Islami and Anjuman Khuddam-ul-Qur'an by Dr. Israr Ahmed (RAA), its aim was to shape our individual and collective lives according to the teachings of the Qur'an, and so that a struggle may be waged by for the establishment of the social system of justice proposed by the Holy Quran after forming a collective entity based on the foundation of Bayah, because of the fact that the Qur'an wants its doctrines to be established on the both the individual and collective planes, and the spiritual and literal successors of Dr. Israr Ahmed (RAA) have been continuing this very struggle for the past three generations.

Addressing the audience, **Maulana Muhammad Yusuf Khan (Jamiah Ashrafia)**, said that every individual in today's society, whether they may be practicing Muslims or mere Muslims through words, is worriedly seeking a way to save their new generation from misguidance. Today's ceremony provides an answer to this predicament. The antidote of misguidance is only through guidance, and the Holy Qur'an is the only true guide. He said that the Qur'an lays bare the path to guidance for all humans, but only those may attain eternal success who possess Taqwa. We can save our generations

from misguidance by having a close connection with the Qur'an. The Holy Prophet (SAAW) had said that I am leaving behind two things, those being the Qur'an and Sunnah, if you adhere closely to these, you may never be misguided. the household of Dr. Israr Ahmed (RAA) is rooted in the most excellent service of propagating the Qur'an and Sunnah among the masses.

Addressing the ceremony, the president of Markazi Anjuman Khuddam-ul-Quran Lahore, **Dr. Arif Rasheed**, said that the great responsibility of *Dars-e-Qur'an* handed to me by Dr. Israr Ahmed (RAA) in March 2006, has reached completion in July 2024, and this has been possible only through the Grace of Allah (SWT). He requested all attendees to make supplications for him so that he may be able to continue this series further. He said that being associated with Islam is no easy task. Whosoever claims to be a Muslim is faced with a responsibility of grand proportions. It is incumbent upon every Muslim to learn and spread the teachings of the Qur'an.

Addressing the ceremony, **Dr. Abdus Sami** presented a detailed account of his connection and tutelage under Dr. Israr Ahmed (RAA), and how Dr. Israr Ahmad played a pivotal role in establishing his closeness to the Qur'an, and said that the central reason for having a connection with the Quran for many brothers including myself has been Dr. Israr Ahmed (RAA). He said that during his life, Dr Israr Ahmad had nominated me to deliver *Dars-e-Qur'an* in his absence which was a great honor for me.

Addressing the ceremony, **Momin Mehmood** shed some light on the excellence, importance and types of Tafseer of the Qur'an, while, Dr. Israr Ahmed's son, **Asif Hamid**, spelled out Dr. Israr Ahmad's *Duroos of Quran* in chronological order. **Hafiz Muhammad Rafiq** also detailed his extensive association with Dr. Israr Ahmed (RAA) and how he learned the Qur'an from him, and said that I was granted the honor to lead Taraweeh prayers in the presence of Dr. Israr Ahmed (RAA). In the concluding Dua, **Mulana Muhammad Yusuf Khan** said that may Allah (SWT) make all efforts of Tanzeem-e-Islami and Anjuman Khuddam-ul-Quran a **Sadqa-e-Jariah** for Dr. Israr Ahmed (RAA) and enable his spiritual and literal successors to continue this blessed work.

**Issued by:**

**Khursheed Anjum**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**
**Tanzeem e Islami**